بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کو پچھلے انبیاے کرام علیہم الصلوۃ والسلام سے افضل سمجھنے والے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی شخص یہ عقیدہ رکھے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے علاوہ تمام انبیاے کرام علیہم الصلوۃ والسلام سے افضل ہیں، توکیا اس عقیدے کا حامل شخص کافر ہوجائے گا یا نہیں؟

جواب

جو شخص حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کسی بھی نبی سے افضل جانے وہ کافر ہے کیونکہ غیر نبی کو نبی سے افضل جاننا بالاجماع کفر ہے۔

المعتقد المنتقد میں ہے "فمانقل عن بعض الکرامیۃ من جواز کون الولي افضل من النبي کفر وضلال....حتي قال اکابرھم:ان نبیا واحدا افضل عنداللہ من جمیع الاولیاء ومن فضل ولیا علي نبي یخشي علیہ الکفر بل ھو کافر" **یعنی بعض کرامیہ سے جو منقول ہے کہ ولی کا نبی سے افضل ہونا جائز ہے، یہ کفر اور گمراہی ہے۔ یہاں تک کہ اہلسنت کے اکابر علما نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک نبی تمام اولیاء سے افضل ہے، اور جو کسی ولی کو کسی نبی پر فضیلت دے، اس کے بارے میں کفر کا اندیشہ ہے، بلکہ وہ کافر ہی ہے۔** (المعتقد المنتقد، صفحہ 174، نوریہ رضویہ، لاہور)

فتح الباری میں علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "فالنبي أفضل من الولي، وھو أمر مقطوع بہ عقلا ونقلا، والصائر إلی خلافہ کافر؛لأنہ أمر معلوم من الشرع بالضرورۃ" **ترجمہ: پس نبی، ولی سے افضل ہوتے ہیں، یہ عقلاً نقلاً قطعی معاملہ ہے، اور اس کے خلاف جانے والا کافر ہے؛ کیونکہ اس کا ضروریاتِ شرعیہ سے ہونا امر معلوم ہے۔** (فتح الباری، جلد1، صفحہ 221، مطبوعہ: مصر)

صدرالشریعہ، بدرالطریقہ مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ رحمۃ اللہ القوی ارشاد فرماتے ہیں: **"انبیائے کرام، تمام مخلوق یہاں تک کہ رُسُلِ ملائکہ سے افضل ہیں۔ ولی کتنا ہی بڑے مرتبہ والا ہو، کسی نبی کے برابر نہیں ہوسکتا۔ جو کسی غیرِ نبی کو کسی نبی سے افضل یا برابر بتائے کافر ہے۔"** (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 1، صفحہ 47، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

ایک اور مقام پر بدمذہبوں کے عقائد بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں: **"اس فرقہ کا۔۔۔ ایک عقیدہ یہ ہے کہ ائمہ اَطہار رضی اللہ تعالیٰ عنھم، انبیا علیہم الصلوۃ والسلام سے افضل ہیں۔ اور یہ بالاجماع کفر ہے، کہ غیرِ نبی کو نبی سے افضل کہنا ہے۔"** (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 1، صفحہ 210، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا اعظم عطاری مدنی

فتوی نمبر : WAT-5142

تاریخ اجراء : 16 محرم الحرام 1448ھ/02 جولائی 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net